ilmkidunya
علم کی دنیا

Home-Economics - 9th Class Home Economics Urdu Medium Chapter 1 Preparation

Q1. جسمانی نشو نما سے کیا مراد ہے ؟

Ans 1: جسمانی نشو نما سے مراد وزن ، جسامت ، حجم اور قد کی وہ خاص تبدیلیاں ہیں جو عمر کے ساتھ ساتھ پروان چڑھتی ہیں جبکہ ذہنی نشونما ذہانت اور خیالات سے متعلق ہوتی ہے.

Q2. لیپٹ اور براؤن نے ہوم اکنامکس کی تعریف کن الفاظ میں بیان کی ہے؟

Ans 1: لیپٹ اور براؤن کی ہوم اکنامکس کی تعریف:" ہوم اکنامکس سے مراد گھریلو سائنس ہے . یعنی یہ ایک ایسا عملی مضمون ہے. جس کے مطالعے سے فرد اپنے ذرائع بہترین استعمال کرکے اپنےگھر کا انتظام اس طریقے سے کرے جو خاندان کی زیادہ سے زیادہ بھلائی اور فائدے کا باعث ہوتا کہ ایک خوش و خرم گھرانے کی تشکیل ہوسکے" .

Q3. صحت میں ہوم اکنامکس کا کیا کردار ہے ؟

Ans 1: ماہرین غزائیت ، صحت و غذا اور غذائیت سے وابستہ اصول اور حقائق تلاش کرنے کی تحقیق میں سرگرم عمل ہیں . یہ ماہرین افراد اور معاشرے کے لیے ان اصولوں اور حقائق کی وضاحت اور تشریح کرتے ہیں .

Q4. ٹیٹ مائلڈرڈنے ہوم اکنامکس کی تعریف کن الفاظ میں بیان کی ہے؟

Ans 1: ٹیٹ مائلڈرڈ نے اپنی کتاب میں ہوم اکنامکس کی تعریف یوں کی ہے " ہوم اکنامکس دو لفظوں ہوم اور اکنامکس کا مجموعہ ہے. ہوم سے مراد گھر اور اکنامکس یونانی زبان کے مرکب لفظ "اکوس" اور "نوموس" سے ماخوذ ہے.

Q5. طلبات کو ہوم اکنامکس کی تعلیم سے روشناس کرانا کیوں ضروری ہے؟

Ans 1: موجودہ دور میں گھریلو مسائل پیچیدہ تر اور میعار زندگی بلند تر ہوگیا ہے. اس لیے وقت کی اہم ضرورت ہے کہ ہوم اکنامکس کی تعلیم سے طلبا کو وقت ، قوت اور ذرائع وسائل کے بہترین استعمال سے روشناس کروایا جائے تاکہ وہ نہ صرف اندرون خانہ بلکہ بیرون خانہ بھی سرگرمیوں اور ذمہ داریوں کو بہتر طور پر سر انجام دے سکیں.

Q6. پارچہ بانی اور لباس کا تمام مضامین سے باہمی تعلق بیان کریں .

Ans 1: لباس کی بہتر منصوبہ بندی کے لیے رونگ و ڈیزائن اہم ہیں. آرٹ سے واقفیت کی بنا پر رنگوں ، خطوط اور ٹیکسچر کا درست استعمال کرکے اپنی شخصیت کو دلکش اور خوبصورت بنایا جاسکتا ہے.

Q7. قائدانہ صفات کی مشق اور ہوم اکنامکس کا کردار بیان کریں.

Ans 1: 1. نو عمر افراد کے لیے ٹریننگ پروگرام تشکیل دینا. 2. ننھے بچوں کے لیے ڈے کیئر سنٹر قائم کرنا 3. فیشن ڈیزائنر کے طور پر کام کرنا . 4. ٹیکسٹائل کی صنعت میں بطور ماہر مصنوعات مشاورت کرنا .

Q8. معاشرتی سائنس سے کیا مراد ہے ؟

Ans 1: معاشرتی سائنس سے مراد وہ معلومات ہیں جو انسانی تعلقات سے متعلق ہوں یعنی انسانی ضروریات کیسے ابھرتی ہیں اور ان کی تسکین کے لیے ایک انسان کون سے طریقے اپناتا ہے. روزگار اور سلیقہ زندگی کے لیے کون سے انداز منتخب کرتا ہے .

Q9. ہوم اکنامکس کی تعریف کے اہم نکات بیان کریں.

Ans 1: ہوم اکنامکس کے مضمون میں درج زیل پیشہ ورانہ مہارتوں کی تربیت دی جاتی ہے:

Ans 2: 1- افراد اور خاندان کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے معاشی و انسانی زرائع و وسائل کو سمجھنا، تخلیق کرنا اور ان کا انتظام و انصرام کرنا.

Ans 3: 2- غذا اور غذائیت، پارچہ جات وغیرہ سے آگاہی، ذرائع پیداوار اور استعمال سے وابستہ اصول، تکنیکی اصلاحات کی مشق اور تنقیدی شعور بیدار کرنا.

Ans 4: 3- خاندان اور افراد کو روزگار کے انتخاب میں رہنمائی فراہم کرنا.

Ans 5: 4- زندگی کے مختلف مراحل میں افراد کی نشوونما اور تربیت کے اصولونکو مدنظر رکھنا.

Q10. ٹیٹ مایلدرد نے ہوم اکنامکس کی کیا تعریف کی ہے.

Ans 1: ٹیٹ ماایلدرڈ نے اپنی کتاب ہوم اکنامکس پروفیشن میں ہوم اکنامکس کی تعریف یوں کی ہے. " ہوم اکنامکس دو لفظوں کا مجموعہ ہے ہوم اور اکنامکس - ہوم سے مراد گھر اور اکنامکس یونانی زبان کے مرکب لفظ آپس آکوس اور نوموس سے ماخوز ہے. اکوس کے منعی ہے گھریلو املاک اور نوموس کا مطلب انتظام ہے. اس طرح سے ہوم اکنامکس کے معنی خاندن ، افراد خانہ کی سرگرمیاں و باہمی تعلقات اور املاک کے انتظامات ہیں.